(ص ۶۶)۔ حالاں کہ شیخ عبدالقادر جیلانی کی وفات (۱۴فروری ۱۱۶۶ء) کے ۴۴ برس بعد شیخ سعدی ۱۲۱۰ء میں پیدا ہوئے تھے۔ (ظفر حجازی)

تعارف کتب

◉ 1-Guidance of The Holy Quran, 2-Studies of the Quran، پروفیسر اشرف الزماں خاں۔ ملنے کا پتا: اسلامک پبلی کیشنز لمیٹڈ، منصورہ، ملتان روڈ، لاہور۔ فون: ۵۲۵۲۵۰۱ ۳-۰۴۲-۳۵۲۵۲۵۰۱۔ صفحات، مجلد (علی الترتیب): ۲۰۷، ۱۹۲۔ قیمت: ۱۲۰ روپے، ۳۰۰ روپے۔ [انگریزی زبان میں اسلام اور قرآن سے ابتدائی تعارف کے لیے نہایت مناسب مختصر کتابیں ہیں۔ پہلی کتاب میں زندگی کے تمام اہم پہلوؤں کے بارے میں بنیادی ہدایات منتخب قرآنی آیات کی صورت میں ترجمے اور مختصر تشریح کے ساتھ دی گئی ہیں۔ عقائد اور تزکیے کے ساتھ ساتھ اچھے معاشرتی تعلقات، نیک عمل، گناہ کے کام، حلال وحرام کے بعد پردہ، دعوتِ اسلامی اور جہاد کے بارے میں مختصر ابواب میں، ۶۶ صفحات کی کتاب میں سب ہی کچھ آ گیا ہے۔ دوسری کتاب میں قرآن سے تعارف اور سورۂ فاتحہ کے بعد آخری پارہ عم کی سورتوں (۷۸-۱۱۴) کی مختصر تشریح اور پس منظر کے ساتھ انگریزی ترجمہ دیا گیا ہے۔]

◉ اصطلاحاتِ حدیث، مرتب: عتیق الرحمٰن۔ ناشر: پیما پبلی کیشنز، پیما ہاؤس۔ بی/۵۱۶، بلاک K، جوہر ٹاؤن، لاہور۔ فون: ۰۴۲-۳۵۳۱۶۰۳۰۳۔ صفحات: ۶۴۔ قیمت: ۴۰ روپے۔ [اس مختصر کتاب میں حدیث سے متعلق اصطلاحات کی واضح تعریف دی گئی ہے۔ اسی طرح قاری اس کتاب کے ذریعے علمِ حدیث سے متعلق بنیادی معلومات سے روشناس ہوجاتا ہے۔ پیما (پاکستان اسلامک میڈیکل ایسوسی ایشن) اپنے ممبران کی دینی تربیت کا انتظام بھی کرتی ہے۔ یہ معلوماتی کتاب اسی کے پیش نظر شائع کی گئی ہے۔]

◉ رسائل و مسائل، سیّدابوالاعلیٰ مودودی، مرتب: ڈاکٹر نصیر خان، ناشر: اسلامک پبلی کیشنز، منصورہ، لاہور۔ فون: ۰۴۲-۳۵۲۵۲۵۰۱۔ صفحات: ۱۱۳۱۔ قیمت: ۱۵۰۰ روپے۔ [مولانا مودودی کی شہرۂ آفاق کتاب رسائل ومسائل جو پانچ حصوں میں دستیاب تھی، اسے ایک جلد میں موضوعاتی بنیادوں پر اکٹھا کر کے یہ ضخیم مجموعہ مرتب کیا گیا ہے۔ پانچوں جلدوں میں ذیلی عنوانات کے تحت جو سوال و جواب موجود تھے، انھیں اس کتاب میں متعلقہ فصل کا حصّہ بنایا گیا ہے۔ اگرچہ یہ بھی کتاب سازی کا ایک انداز ہے، لیکن اگر ترتیبِ نو کے ساتھ اسے دو حصوں میں تقسیم اور متن کی چوڑائی کو قدرے کم کیا جاتا تو یہ عمل قاری کے لیے زیادہ سہولت بخش ہوتا۔ پھر جہاں جہاں مسئلے کی تاریخ اشاعت دی گئی ہے، اس کے ساتھ بنیادی جلد (جسے ختم کیا گیا ہے) کا شمار اوّل/دوم/سوم وغیرہ کی نشان دہی کے ساتھ درج کیا جانا ضروری تھا۔ سوائے حصّہ پنجم کے، باقی جلدیں مولانا مودودیؒ ہی کی مرتب کردہ تھیں۔ اس لیے ان کی مستقل پہچان کو معدوم کرنا مناسب نہیں۔ حصّہ دوم کا تعارف مولانا امین احسن اصلاحی صاحب نے لکھا تھا، وہ بھی ریکارڈ پر رہنا چاہیے تھا۔]